India-Japan Consultations on Disarmament, Non-Proliferation and Export Control

February 17, 2021

اسلحے کی تخفیف، عدم پھیلاؤ اور برآمد پر قابو پانے کے بارے میں بھارت - جاپان کے مابین مشاورت

17 فروری، 2021

اسلحے کی تخفیف، عدم پھیلاؤ اور برآمد پر قابو پانے کے بارے میں بھارت- جاپان کے مابین 9 ویں دور کی مشاورت کو 17 فروری 2021 کو ایک ورچوئل فارمیٹ میں منعقد کیا گیا۔ دونوں فریقین نے جوہری، کیمیائی، حیاتیاتی تخفیف اسلحہ اور عدم پھیلاؤ، روایتی ہتھیاروں، بیرونی خلا کی حفاظت اور برآمد کنٹرول کے شعبوں کے حوالے سے باہمی دلچسپی کے ہم عصر امور کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے عدم پھیلاؤ اور تخفیف اسلحے کے امور پر باہمی افہام وتفہیم اور سمجھ کو بڑھانے کے لئے بات چیت کی اہمیت کو تسلیم کیا جو ہندوستان- جاپان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت میں رول ادا کرتے ہیں۔

نئی دہلی

17 فروری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.